آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

دفتر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال بھمبر

حوالہ نمبر 1594 / ایم ایس / 2021 مورخہ 06 / ستمبر / 2021

بنام:

میسرز راجل نوشہرہ ٹریڈرز

بھمبر

عنوان: **سپلائی آرڈر (Award of Contract) بابت خوراک مریضاں برائے مالی سال 22-2021**

معاملہ عنوان الصدر میں تحریر خدمت ہے کہ آپ کا ٹینڈر خوراک مریضاں برائے مالی سال 22-2021 جناب ڈائریکٹر جنرل صحت عامہ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد نے زیر مکتوب نمبر 29301-02/DGH/Store/2021 مورخہ یکم ستمبر 2021 کے تحت انتظامی منظوری صادر فرمائی ہے۔لہذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ آپ مورخہ 08 ستمبر 2021 سے ہسپتال ہذا میں داخل مریضاں کے لئے خشک/ تازہ راشن بذیل شرائط مہیا کرنے کا بندوبست کریں۔

شرائط:

۱۔ Bidding Documents میں درج جملہ شرائط وضوابط لاگو ہوں گی اور آپ ان شرائط پر عمل درآمد کے پابند ہونگے۔

۲۔ گوشت مرغی، ڈبل روٹی، سبزی، فروٹ وغیرہ روزانہ کی بنیاد پر تازہ فراہم کرنا ہوگا۔

۳۔ آپ کو ہسپتال ہذا کے اندر یا قریب وافر مقدار پر مشتمل اپنا سٹور رکھنا ہوگا جس سے ہمہ وقت صبح شام مریضوں کی تعداد کے حساب سے خوراک وصول کی جائے گی۔

۴۔ ٹینڈر میں طے شدہ ریٹ میں ہی جملہ سامان ہسپتال ہذا پہنچانا ہوگا۔

۴۔ جملہ اشیاء ٹینڈر کے مطابق معیاری ہونا ضروری ہے جو اشیاء معیاری نہ ہونگی وہ سالم واپس کردی جائیں گی اور ان کے متبادل معیاری اشیاء فراہم کرنا لازم ہوگا۔

۵۔ ٹینڈر میں درج ریٹس 30 جون 2022 تک قابل عمل ہوں گے۔

۶۔ ہر ماہ کے اختتام پر بل مرتب کرکے شعبہ اکاونٹس ہسپتال ہذا میں بغرض ادائیگی جمع کروانا ہوگا۔

۷۔ بلات سے تحت قواعد مروجہ ٹیکسز کی کٹوتی کی جاکر بجٹ میں موجود فنڈز کے مطابق ادائیگی کی جائے گی۔

(ڈاکٹر شہزاد غضنفر چوہدری)

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ

DHQ ہسپتال بھمبر

نقل بالا:

۱۔ آفس کاپی۔

Scanned with CamScanner